**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

27دسمبر2025ء

# پریس ریلیز

## لاہور ہائی کورٹ کا واضح شواہد اور ثبوتوں کے باوجود بد ترین توہین رسالت ﷺ و مقدسات میں ملوث 5افراد کو بری کر دینا قابل مذمت ہے۔

## ہر شعبہ سے متعلق مسلمانانِ پاکستان کا فرض ہے کہ وہ حرمتِ رسول ﷺ و مقدسات پر پہرہ دیں۔

## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** لاہور ہائی کورٹ کا واضح شواہد اور ثبوتوں کے باوجود بد ترین توہین رسالت ﷺ و مقدسات میں ملوث 5افراد کو بری کر دینا قابل مذمت ہے۔ ہر شعبہ سے متعلق مسلمانانِ پاکستان کا فرض ہے کہ وہ حرمتِ رسول ﷺ و مقدسات پر پہرہ دیں۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ تنظیم اسلامی ملک بھر میں منعقدہ حرمتِ رسول ﷺ و مقدسات مشاورتی اجلاسوں کی تائید کرتی ہے کیونکہ سوشل میڈیا پر بد ترین توہین رسالت ﷺ، قرآن و مقدسات کے مرتکب افراد اور اُن کے پشتی بانوں کو روکنا اور جرم ثابت ہونے پر مجرموں کو قرار واقع سزا دینا ہمارے ایمان کا حصّہ ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ حال ہی میں لاہور ہائی کورٹ نے توہین رسالت ﷺ اور مقدسات میں ملوث 5افراد کو جرم کے واضح ثبوت ہونے کے باوجود بری کر دیا، جس کے خلاف عوامی احتجاج کا سلسلہ جاری ہے۔ تنظیم اسلامی بھی مختلف پلیٹ فارمز پر اپنی استعداد کے مطابق اِس فیصلہ کی مذمت اور حرمتِ رسول ﷺ و مقدسات کی حفاظت کے لیے اپنا حصّہ ڈال رہی ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ ہمارے نزدیک اِس بد ترین توہین رسالت ﷺ، توہین قرآن و دیگر دینی مقدسات کے ساتھ ساتھ ملک میں رائج سودی معیشت اور معاشرتی و خاندانی نظام کو تہ و بالا کرنے کی سازشوں کے سدِ باب کے لیے بھی علماء کرام، مشائخ اور دینی جماعتیں متحد ہو کر لائحہ عمل ترتیب دیں۔ اس حوالے سے آپ پُر امن، منظم اور غیر مسلح تحریک کے راستے کو اختیار کیا جانا ضروری ہے۔ جب تک اللہ اور اُس کے رسول ﷺ سے جاری جنگ کو ختم نہیں کیا جاتا اور معاشرہ میں بڑھتی ہوئی فحاشی و بے راہ روی کے خاتمہ کے لیے عملی اقدامات نہیں لیے جاتے، اُس وقت تک اِس فرسودہ نظام سے زہریلے پھل ہی بر آمد ہوں گے۔ لٰہذا ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ توہین رسالت ﷺ و مقدسات کے مرتکب 5افراد کو بری کرنے کے فیصلہ کو فی الفور واپس لیا جائے۔ ضرورت اِس امر کی ہے کہ مسلمانانِ پاکستان متحد ہو کر ملک کو صحیح معنوں میں عدلِ اجتماعی پر مبنی ایک اسلامی فلاحی ریاست بنانے کی خود بھی جدوجہد کریں اور حکومت و ریاستی اداروں سے پُر زور مطالبہ کریں۔ جب ملک میں شریعتِ محمدی ﷺ کا نفاذ ہو گا تو ہم دنیا و آخرت میں کامیابی کے امیدوار بن جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ حکمرانوں، ریاستی اداروں اور عدلیہ کو صراطِ مستقیم پر گامزن ہونے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین!

**جاری کردہ**
**رضاءالحق**
**مرکزی ناظم نشرواشاعت**

تنظیمِ اسلامی

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: December 27th, 2025**

## The acquittal of 5 individuals charged with the worst kind of blasphemy, despite clear evidence against the accused, by the Lahore High Court (LHC) is condemnable.

## It is the duty of Muslims in every field of life to safeguard the honor of the Messenger of Allah (*SAAW*) and the sanctity of the symbols of Islam. (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. The Ameer said that Tanzeem-e-Islami fully supports the nationwide consultative meetings being held viz. upholding of the honor of the Messenger of Allah *(SAAW)* and the sanctity of the symbols of Islam. Preventing those who commit heinous blasphemy against the Holy Prophet *(SAAW)*, the Qur'an, and sacred values & symbols of Islam – along with their benefactors, particularly on social media – and ensuring that proven criminals receive exacting punishment according to the law, is an integral part of our faith (Eman). He said that in wake of the above-mentioned decision of the LHC, massive public protests regarding this decision are ongoing. Tanzeem-e-Islami also unequivocally condemns the LHC decision and is playing its part in defending the honor of the Messenger of Allah *(SAAW)* and upholding the sanctity of Islamic symbols, according to its capability.

**Shujauddin Shaikh** said that in our view, along with this worst form of blasphemy against the Holy Prophet *(SAAW)*, the desecration of the Holy Qur'an, and insults to other sacred religious values and symbols of Islam, it is also necessary that the religious scholars and elders, and religious organizations unite to devise a comprehensive strategy to put an end to the interest-based economic system prevalent in the country and to counter conspiracies aimed at destroying the social and family structure in the country. In this regard, it is essential to adopt a peaceful, organized, and unarmed mass movement. Until the war against Allah *(SWT)* and His Messenger *(SAAW)* – manifested through the interest-based capitalist system – is ended, and until practical measures are taken to curb increasing immorality and social deviation in society, this rotten system will continue to produce poisonous fruit. Therefore, we demand that the decision to acquit the 5 individuals involved in blasphemy against the Messenger of Allah *(SAAW)* and the symbols of Islam be immediately revoked. What is required is that the Muslims of Pakistan unite, strive to transform the country into a truly Islamic welfare state based on social justice, and unwaveringly demand the same from the government and state institutions. When the Shariah of Prophet Muhammad *(SAAW)* is enforced in the country, we will become eligible for success in this world and the Hereafter. We pray that Allah *(SWT)* grants the government, state institutions, and judiciary the ability to follow the Straight Path. Ameen!

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**